aglasem.com

FOR AP CLASS 11 EXAM PREPARATION

AP Class 11 2027 Model Paper · Ml Urdu

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
AP Class 11	2027	Model Paper	Ml Urdu

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION :: ANDHRA PRADESH

MODEL QUESTION PAPER

URDU PAPER - I

(MODERN LANGUAGE)

(Prose, Poetry and Grammar)

Time:3Hrs.} {Max. Marks : 100

نوٹ : تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

I. ذیل میں دیے گیے اقتباسات سے کسی چار (4) کی بحوالہ متن تشریح کیجیے۔ 4x5=20

(1) "بیوی بچوں کو پیٹ بھر روٹی کھلانے کے لیے مجھ سے معمولی کلرک کو اپنی بہت سی ضروریات ترک کرنا پڑتی ہیں اور انھیں جگر تک پہنچتی ہوئی سردی سے بچانے کے لیے خود موٹا جھوٹا پہننا پڑتا ہے"۔

(2) "آج اس کی جیب میں ایک روپیہ تھا۔ سچ مچ کا ایک روپیہ"۔

(3) "اور سچ تو یہ ہے کہ بلا کر کسی کے آجانے میں وہ مزا کہاں ہے جو بن بلائے آجانے میں ہے"۔

(4) "ذرا غور کیجیے انگلی نہ ہو تو انسان کس بلا کی محرومی کا شکار ہو سکتا ہے۔ اس کا ہلکا سا تصور بھی سنگ دل انسان کو اپنے دانتوں میں انگلی دبا لینے پر مجبور کر دیگا۔"

(5) "یہ اوّلیت صرف فطانت کی دین نہیں ہوتی اگر محنت و مشقت اس کی پرورش نہ کرے۔ ذہانت جب دن اور رات کا فرق مٹا کر ریاضت کشی بن جاتی ہے، تو ہاشم علی اختر جیسی شخصیت وجود میں آتی ہے"۔

(6) "مجھ سے بہت مانوس تھے، ان کی زبان تمل میری زبان تلگو....."، "زبان یار من ترکی نمی دانم" والا مضمون۔ مگر ہم انگریزی میں کام چلاتے تھے۔ طویل یکجائی اور رفاقت کے صدقے وہ اردو بخوبی سمجھ لیتے تھے"۔

(7) "میں سوتی رہوں یا جاگتی رہوں تیرے سونے یا جاگنے میں فرق ہی کیا ہے"۔

(8) "جھوپڑے میں دن گزارے جا سکتے ہیں مگر جوان لڑکی گھر میں نہیں بٹھائی جا سکتی"۔

II. ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 20x1=20

(1) ڈراما "دروازہ"

(2) جیلانی بانو کا افسانہ "اَدّو"

(3) مضمون "سفر و سیاحت"

III. ذیل میں دیے گیے اشعار سے کسی چار (4) کی تشریح کیجیے۔ 4x5=20

(1) آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

(2) عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہوجانا
درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہوجانا

(3) ساز ، یہ کینہ ساز کیا جانیں
ناز والے نیاز کیا جانیں

(4) غمِ جہاں سے جسے ہوفراغ کی خواہش
وہ اُن کے دردمحبت سے ساز باز کرے

(5) ایک معّمہ ہے، سمجھنے کا نہ سمجھانے کا
زندگی کاہے کو ہے،خواب ہے دیوانے کا

(6) لینے سے تاج وتخت ملتا ہے
مانگے سے بھیک بھی نہیں ملتی

(7) ستونِ دار پہ رکھتے چلوسروں کے چراغ
جہاں تلک یہ ستم کی سیاہ رات چلے

(8) غصہ ونفرت کااس پرجب اثر ہوجائے گا
آدمی چشمِ زدن میں جانور ہو جائے گا

IV. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 20x1=20

(1) چانداورتارے

(2) اعتماد

(3) گھر

V. (الف) نظم کی تعریف کرتے ہوئے نظم کے اقسام بیان کیجیے۔ 10x1=10

(یا)

رباعی کی تعریف کیجیے۔

(ب) ذیل کی تعریف کرتے ہوئے ایک سطر میں جواب دیجیے۔ 1x10=10

(1) اسم (2) اسم عام (3) اسم خاص (4) علم (5) عرف

(6) لقب (7) تخلص (8) اسم جمع (9) اسم آلہ (10) اسم ظرف

(یا)

ذیل کی تعریف کیجیے اور مثالیں لکھیے۔

(1) ضمیر شخصی (2) ضمیر (3) ضمیر اشارہ (4) ضمیر تنکیر (5) ضمیر موصولہ

(6) صفت عددی (7) صفت مقداری (8) صفت نسبتی (9) صفت ضمیری (10) صفت